DOCUMENT 1

دنیا میں فرانسیسی زبان

هماری زمین پر آج تقریباً ٦ ارب لوگ رهتے هیں جو تقریباً ٢٠٠ ملکوں اور ریاستوں میں رهتے هیں. ان ملکوں کے باشندے الگ الگ زبانیں بولتے هیں. دنیا میں سینکڑوں زبانیں بولی جاتی هیں. کچھ زبانیں صرف چند هزار لوگ بولتے هیں. بین الاقوامی تجارت کے لئے انگریزی زبان کا استعمال هوتا هے . مگر چینی زبان دنیا میں سب سے زیاده بولی جاتی هے . پوری دنیا میں ٢٠ کڑوڑ انسان روزانه فرانسیسی زبان کا استعمال کرتے هیں, ٦ کڑوڑ فرانس میں اور باقی لوگ دوسرے ملکوں میں جیسے بیلجیم, سوئٹزرلینڈ, کینیڈا اور افریقه کے کچھ ملک

فرانسیسی اسکول

فرانس میں تعلیم ١٦ سال کی عمر تک لازمی هے . بچّے پهلے پرائمری اسکول جاتے هیں,پھر کالج اور آخر میں لیسے. کنڈرگارڈن جهاں بہت چھوٹی عمر کے بچّے (چھ سال سے چھوٹے) جاتےهیں لازمی نہیںهے. لیکن یه اسکول بچّوں کو پرائمری اسکول جانے کے لئے تیّاری کرواتا هے اور والدین کو رائے دی جاتی هے که اپنے بچّوں کو کنڈرگارڈن بیھجیں.

پرائمری اسکول میں بچّے بنیادی معلومات حاصل کرتے هیں تاکه وه بڑے لوگوں کی دنیا میں داخل هوسکیں مثلاً لکھنا ,پڑھنا اور حساب کرنا. اس کے ساتھ ساتھ ایک غیرملکی زبان ,کمپیوٹر کی تعلیم اور دوسری بہت سی چیزیں بھی سکھائی جاتی هیں. اسی لئے یه بہت ضروری هے که بچّے پابندی اور باقاعدگی سے اسکول آئیں. اگر کوئی بچّه اسکول نه جاسکے تو اپنے والدین کی طرف سے معزرت کا خط لائے.

هر اسکول میں ایک کےبعد ایک پانچ جاعتیں ہوتی هیں جو که پانچ سال کی تعلیم کے برابر هے . نیچےمثال کےطور پر ایک آٹھ ساله بچّے کی کلاس کا ٹائم‌ٹیبل دیا گیا هے :

	پیر	منگل	جمعرات	جمعه
08-30	فرانسیسی	فرانسیسی	فرانسیسی	فرانسیسی
10-00	حساب	حساب	حساب	حساب
10-20	بریک			
	حساب	حساب	حساب	حساب
11-30	ریڈنگ	ریڈنگ		
01-30	دوپہر کے کھانے کی بریک			
	ریڈنگ	سائینس	سائینس	تاریخ
	جغرافیه	کمپیوٹر	تیراکی	ریڈنگ
03-00 03-20	بریک			بریک
04-30	موسیقی	آرٹس اور کرافٹس	شاعری	پی ٹی

ان چیزوں کی تیّاری کرنا ضروری هے

تیراکی : تیراکی کی ٹوپی, سوٹ اور تولیه

پی ٹی : ٹی- شرٹ, جوگنگ کے جوتے اور شورٹ

کینٹین میں دپہر کے کھانے کے لئے : ایک ٹوتھ برش اور چھوٹا تولیه

NOM : Évaluation en langue d'origine (CYCLE III) : OURDOU

مندرجہ ذیل سوالوں کےصحیح جواب پر گول دائرہ بنائیں :

① دنیا میں کونسی زبان سب سے زیادہ بولی جاتی ھے ؟

فرانسیسی

چینی

انگریزی

② کیا فرانسیسی زبان صرف فرانس میں بولی جاتی ھے؟

جی ہاں

جی نہیں

③ کیا فرانس میں چار سال کے بچّے کے لۓ اسکول لازمی ھے؟

جی ہاں

جی نہیں

...../ 2 + ... /2 + .../ 2 = .../ 6

④ ٹائم ٹیبل پر غور کیجیئے ہر بریک کتنے عرصے کی ھے؟

۴۰ منٹ

۳۰ منٹ

۲۰ منٹ

⑤ ہفتے میں کس دن پڑھائی (ریڈنگ) نہیں ہوتی؟

پیر

منگل

جمعرات

جمعہ

⑥ ہفتے میں کس دن طلبہ کے لۓ تیراکی کا سوٹ اور تولیہ لانا لازمی ھے؟

پیر

منگل

جمعرات

جمعہ

...../ 2 + ... /2 + .../ 2 = .../ 6